مطبوعات

بستان المحدثین (اردو ترجمہ) یہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی جلیل المرتبت تالیف ہے۔ اس میں حضرت شاہ صاحب نے احادیث کے مختلف مجموعوں اور ان کے جامعین کا مختصر طور پر تعارف کرایا ہے۔ اس کا سببِ تالیف خود شاہ صاحب نے آغاز کتاب میں بیان فرمایا ہے کہ "چونکہ اکثر رسالوں اور تصانیف میں ایسی کتابوں سے حدیثیں نقل کی جاتی ہیں جن پر اطلاع نہ ہونے کی وجہ سے سننے والوں کو حیرانی پیش آتی ہے اس وجہ سے اصل مقصود تو ان ہی کتابوں کا ذکر ہے مگر ضمناً ان کے مصنفین کا بھی ذکر ہے۔" اس کے بعد شاہ صاحب نے امام مالکؒ کی مؤطا سے لے کر امام بغوی کی مصابیح تک تقریباً ۹۵ کتابوں کا تعارف کرایا ہے۔ یہ تذکرہ جلیلہ مبتدی سے لے کر منتہی تک کیلئے یکساں لائق اعتنا و باعثِ افادہ ہے۔ محدثین کرام نے احادیث کی جمع و تدوین کا جو اہم کام سر انجام دیا ہے اس کتاب کے مطالعہ سے اُس کا کسی قدر اندازہ ہو سکتا ہے۔ اصل کتاب فارسی میں تھی۔ کارخانہ تجارت کتب نے اس کا اردو ترجمہ شائع کر کے دینِ اسلامی کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ کتابت و طباعت معیاری ہے۔ قیمت پانچ روپے۔ ملنے کا پتہ: کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ۔ کراچی۔ (خ - ح)

سہ ماہی اقبال ریویو مدیران: ڈاکٹر محمد رفیع الدین صاحب و پروفیسر خورشید احمد صاحب۔ شائع کردہ: دی اقبال اکیڈمی، کراچی۔ سالانہ چندہ ۸ روپے۔ فی پرچہ ۲ روپے۔ صفحات ۱۰۴۔

یہ قابل قدر مجلہ سال میں دو مرتبہ انگریزی میں اور دو مرتبہ اردو میں شائع ہوتا ہے۔ یہ پرچہ اگرچہ ڈاکٹر اقبال مرحوم کے افکار و نظریات کی توضیح و اشاعت کے لیے وقف ہے لیکن اس میں وہ سارے موضوع آجاتے ہیں جن پر ڈاکٹر اقبالؒ نے کلام کیا یا اُن کو دلچسپی رہی اس بنا پر تفسیر، حدیث، فقہ، ادب، فلسفہ و منطق، تاریخ، تصوف، معیشت و سیاست